SADIQ

19-08-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں -----

**Music**

1 وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن، نئی دلی میں ایک میٹنگ میں سرکاری ملکیت کے بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہی ہیں۔

2 وزیر خارجہ ایس جے شنکر نئی دلی میں نیپال کی اپنی ہم منصب آرزو رانا دیوبا کے ساتھ بات چیت کررہے ہیں۔

3 CBI کولکاتا میں خاتون ڈاکٹر کی مبینہ آبرو ریزی اور قتل کے معاملے پر آر جی کر اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔

4 جموں وکشمیر اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔

5 اور ...... صدر جمہوریہ، نائب صدر اور وزیراعظم نے رکشا بندھن کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

Sitharaman Review Meet

وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن آج نئی دلی میں، مختلف پیمانوں کے تناظر میں سرکاری ملکیت کے بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے میٹنگ کی صدارت کررہی ہیں۔ مالی خدمات کے محکمے کے سکریٹری ڈاکٹر وویک جوشی، سرکاری ملکیت کے بینکوں کے مینجنگ ڈائریکٹر صاحبان اور چیف ایگزیکیٹو افسر نیز دیگر اعلیٰ عہدیدار اس میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں۔محترمہ سیتا رمن دیگر شرکاء کے ساتھ اس میٹنگ میں جمع کی گئی رقومات میں اضافے، قرضے اور جمع رقومات کے تناسب اور اثاثوں کی کوالٹی کا جائزہ لیں گی، جو بینکوں کے ٹھیک ڈھنگ سے کام کرنے کے اہم اشاریے ہیں۔ وزیرخزانہ، پی ایم آواس یوجنا، پی ایم سوریہ گھر اور پی ایم وِشوکرما اسکیموں جیسے سرکاری اقدامات کے تحت سرکاری ملکیت کے بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ لیں گی۔مودی سرکار کی تیسری مدت کے دوران خزانے اور کارپوریٹ امور کی وزیر کی حیثیت سے ذمہ داری سنبھالنے کے بعد سے اِس طرح کے بینکوں کی، محترمہ سیتا رمن کی یہ پہلی جائزہ میٹنگ ہے۔ وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن شام کو دیہی علاقائی بینکوں کی کارکردگی کا جائزہ بھی لیں گی x

Nepal FM Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نئی دلی میں نیپال کی اپنی ہم منصب آرزو رانا دیوبا کے ساتھ بات چیت کررہے ہیں۔ ڈاکٹر دیوبا بھارت کے پانچ دن کے دورے پر کل نئی دلی پہنچی ہیں۔ ایک بیان میں وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اُن کا یہ دورہ بھارت اور نیپال کے درمیان باقاعدگی سے اعلیٰ سطح پر رابطوں کی روایت کے عین مطابق ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ پڑوس مقدم کی پالیسی میں نیپال، بھارت کا ایک ترجیحی ساجھے دار ملک ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ نیپال کی وزیر خارجہ کے دورے سے دونوں ملکوں کو باہمی اشتراک میں پیش رفت پر تبادلہ خیال کرنے اور اس کا جائزہ لینے کا موقع ملے گا، نیز تعلقات کو مزید وسعت دینے میں مدد ملے گی۔x

West Bengal CBI

مرکزی جانچ بیورو CBI کولکاتہ کے آر جی کر میڈیکل کالج اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش سے آج چوتھے دن بھی پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ دوسری طرف اپوزیشن کے لیڈر Suvendu Adhikari نے کہا ہے کہ وہ اُن لوگوں کو قانونی امداد فراہم کریں گے، جنھیں اس واقعے سے وابستہ سوشل میڈیا پوسٹنگ کے تعلق سے ریاستی پولیس اور اُس کے سائبر جرائم محکمے کی طرف سے نوٹس موصول ہوئے ہیں۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب ادھیکاری نے الزام لگایا کہ مغربی بنگال اور ملک کے دیگر حصوں کے لوگوں کو بھارتیہ ناگرک سُرکشا سہیتا کی دفعہ 168 کے تحت نوٹس مل رہے ہیں۔ اُدھر ترنمول کانگریس کے راجیہ سبھا ایم پی Sukhendu Sekhar Roy نے کولکاتہ پولیس کی طرف سے نوٹس ملنے کے بعد کلکتہ ہائی کورٹ میں اپیل دائر کی ہے۔ اس سے پہلے جناب رائے نے سوشل میڈیا پر اس واقعے کے بارے میں ایک پوسٹ اپ لوڈ کی تھی۔

Doctors Protest

کولکاتہ میں ایک خاتون ڈاکٹر کی مبینہ آبرو ریزی اور قتل کے خلاف قومی راجدھانی دلی میں ریزیڈنٹ ڈاکٹر اور میڈیکل طلبا اپنا احتجاج جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز ایمس، صفدر جنگ اسپتال، مولانا آزاد میڈیکل کالج، شمالی ریلوے کے مرکزی اسپتال اور دیگر اداروں کے ڈاکٹروں نے دلی میں نرمان بھون کے نزدیک احتجاج کیا اور اس معاملے میں انصاف کا مطالبہ کیا۔احتجاج کرنے والے ڈاکٹر پورے ملک میں حفظان صحت سے وابستہ اہلکاروں اور اداروں کے لئے ایک سیکورٹی ا یکٹ کا مطالبہ بھی کررہے ہیں۔x

SC Kolkata DOC Case

سپریم کورٹ نے کولکاتہ آبروریزی اور قتل کیس میں از خود نوٹس لیا ہے اور عدالت اِس معاملے کی سنوائی کل کرے گی۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ،جسٹس جے بی پاردی والا اور جسٹس منوج مشرا پر مشتمل ایک بینچ اِس معاملے کی سنوائی کرے گی۔

ایک پوسٹ گریجویٹ زیر تربیت ڈاکٹر کی، اِس ماہ کی 9 تاریخ کو کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں مبینہ طور پر آبروریزی کی گئی تھی اور اُس کا قتل کردیا گیا تھا۔ اِس واقعے کے ایک دن بعد کولکاتہ پولیس نے اِس کیس کے سلسلے میں ایک سماجی رضاکار کو گرفتار کیا تھا۔اِس واقعے کے بعد پورے ملک میں مظاہرے شروع ہوگئے تھے جس میں پورے ملک کے ڈاکٹرز اِس کیس میں ملوث لوگوں کے خلاف کارروائی اور کام کی جگہ پر ڈاکٹرس کی حفاظت کے اقدام کا مطالبہ کررہے ہیں۔ x

J&K Assembly election

جموں و کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے پہلے مرحلے کے لئے نوٹیفکیشن کل جاری کیا جائے گا۔ اس مرحلے میں 18 ستمبر کو 24 اسمبلی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ یہ چناؤ حلقے اننت ناگ، شوپیاں، کلگام، رام بن، کشتواڑ اور ڈوڈہ ضلعے میں ہیں۔ اس مرحلے کے لئے کاغذات نامزدگی اس مہینے کی 27 تاریخ تک داخل کئے جاسکیں گے، جبکہ کاغذات کی جانچ پڑتال اگلے روز ہوگی۔ 30 اگست تک نام واپس لئے جاسکیں گے۔مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے حتمی ووٹر فہرستیں کل جاری کئے جانے کی امید ہے۔ توقع ہے کہ تقریباً 90 لاکھ افراد ووٹ دینے کے مجاز ہوں گے۔ جموں و کشمیر میں اسمبلی سیٹوں کی تعداد 83 سے بڑھ کر 90 ہوگئی ہے اور حدبندی کے عمل کے بعد کئی اسمبلی حلقوں کی سرحدوں میں بھی تبدیلی آئی ہے۔x

J&K NH

جموں و کشمیر میں ڈوڈہ، رام بن اور اودھم پور ضلعوں کے اونچائی والے علاقوں میں جموں - سری نگر قومی شاہراہ اور بٹوٹ - ڈوڈہ - کشتواڑ قومی شاہراہ پر سیکورٹی بڑھادی گئی ہے۔ دہشت گردوں کے ساتھ حالیہ جھڑپوں کے تناظر میں ایسا کیا گیا ہے۔ سماج دشمن عناصر

پر نظر رکھنے کے لئے آرٹیفیشیل انٹلی جینس پر مبنی چہرے کی شناخت سے متعلق نظام، ڈرونس اور CCTV کیمرے استعمال کئے جارہے ہیں۔ Patnitop کے پہاڑی علاقوں میں جھڑپوں کے تناظر میں وہاں سخت سیکورٹی بندوبست کیا گیا ہے۔ دونوں شاہراہوں اور دیگر رابطہ سڑکوں پر سیکورٹی فورسز نے جانچ چوکیاں قائم کی ہیں تاکہ کسی بھی طرح کے ناخوشگوار واقعے کی روک تھام کے لئے دن رات مشتبہ افراد کی تلاشی لی جاسکے اور کسی بھی وقت جانچ کی جاسکے۔سبھی سیکورٹی ایجنسیاں پوری طرح مستعد ہیں اور فوج اور پولیس کے اعلیٰ افسر لگاتار صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ x

Prez Shanker Dayal

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج سابق صدر ڈاکٹر شنکر دیال شرما کو اُن کے یوم پیدائش پر راشٹرپتی بھون میں گلہائے عقیدت نذر کیے۔ صدر جمہوریہ اور راشٹرپتی بھون کے عہدیداران نے ڈاکٹر شنکر دیال شرما کی تصویر پر عقیدت کے پھول نذر کیے۔

MOS REVIEW

اطلاعات ونشریات اور پارلیمانی اُمور کے مرکزی وزیرمملکت ڈاکٹر ایل موروگن آج چنئی میں وزارت کے مختلف یونٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔تمل ناڈو، کیرالہ، کرناٹک، آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے یونٹوں کے علاقائی سربراہ اِس جائزہ میٹنگ میں شرکت کررہے ہیں، جو PIB، CBC ، آکاشوانی اور دوردرشن کے متعلقہ دفاتر میں ہورہی ہے۔x

Malasia PM India

ملیشیا کے وزیر اعظم Dato Seri انور بن ابراہیم، آج سے بھارت کے تین روزہ سرکاری دورے پر رہیں گے۔ ملیشیا کے وزیر اعظم کی حیثیت سے انور ابراہیم کا یہ بھارت کا پہلا دورہ ہے۔ وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ملیشیا کے وزیر اعظم منگل کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ اپنے دورے میں وہ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملاقات کریں گے۔ بھارت اور ملیشیاء کے مضبوط تاریخی اور سماجی و ثقافتی تعلقات ہیں۔ وزارت نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو وزیراعظم مودی کے دورے کے دوران 2015 میں کلیدی شراکت داری کی سطح تک بلندی حاصل ہوئی تھی۔ ملیشیاء کے وزیراعظم انور ابراہیم کے دورے سے بھارت ملیشیاء باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی راہ ہموار ہوگی۔x

VP Zimbabwe

زمبابوے کے نائب صدر Constantino Chiwenga آج نئی دلّی پہنچے ہیں۔ وہ کل 19 ویں CII بھارت- افریقہ کاروباری اجلاس میں شرکت کریں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزارت میں ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ اِس اجلاس میں اُن کی شرکت سے بھارت اور زمبابوے کے درمیان مضبوط رشتوں کی عکاسی ہوتی ہے۔انھوں نے کہا کہ اِس سے افریقہ کے ساتھ مضبوط اور اشتراک پر مبنی تعلقات کی خاطر بھارت کے عہد کو بھی تقویت ملے گی۔ x

Maha Mahad

مہاراشٹر میں رائے گڑھ ضلع کے Mahad Taluka میںساوتری دریا میں ڈوبنے سے مہا بلیشور کے تین سیاحوں کی موت ہوگئی۔ امدادی ٹیم نے تین بچوں اور ایک خاتون سمیت چار دیگر افراد کو کامیابی کے ساتھ بچالیا۔ مرنے والوں کی لاشیں مل گئی ہیں، جن میں دو بھائی تھے۔ معلوم ہوا ہے کہ چھ ارکان پر مشتمل ایک فیملی کے لوگ اپنے ایک دوست کے ہمراہ Mahad گئے ہوئے تھے، کہ یہ حادثہ پیش آیا۔x

Bangladesh Election

بنگلہ دیش کی عبوری حکومت کے خصوصی مشیر محمد یونس نے کہا ہے کہ سرکاری نظام میں ضروری اصلاحات کے بعد جلد آزادانہ منصفانہ

اور سب کی شمولیت والے انتخابات کرائے جائیں گے۔ڈھاکہ میں سفارتکاروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں محمد یونس نے کہا کہ انتخابی کمیشن، عدلیہ، سول انتظامیہ، سیکورٹی دستوں اور میڈیا میں اہم اصلاحات کے بعد بنگلہ دیش میں انتخابات ہوں گے۔ ڈاکٹر یونس نے کہا کہ عبوری حکومت کی اولین ترجیح، امن وقانون کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے۔ اِس سے قبل اِس ماہ میں ملک گیر پرتشدد مظاہروں کے پیش نظر شیخ حسینہ حکومت کے بے دخل ہونے کے بعد ڈاکٹر یونس کو بنگلہ دیش میں عبوری حکومت کا خصوصی مشیر مقرر کیا گیا تھا۔ x

## Raksha Bandhan

بھائیوں اور بہنوں کے درمیان پیار و محبت کے خصوصی رشتے کا تہوار رکشا بندھن آج ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر بہنیں اپنے بھائیوں کی کلائی پر خوبصورت راکھی باندھتی ہیں اور ان کی خوشحالی، صحت و تندرستی کے لیے دعائیں کرتی ہیں۔ بھائی بھی اپنی بہنوں کی حفاظت اور ان کی مدد کا عہد کرتے ہیں اور انھیں تحائف دیتے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے رکشا بندھن کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ رکشا بندھن بھائیوں اور بہنوں کے درمیان ایک منفرد رشتے کو یاد رکھنے کا تہوار ہے، جس سے محبت اور باہمی اعتماد کو مضبوطی ملتی ہے۔صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار مذہبی اور ثقافتی حدوں سے اوپر اٹھ کر ملک میں کثرت میں وحدت کی عکاسی کرتا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ یہ تہوار ایک دوسرے کی مدد کرنے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ نے سبھی سے زور دے کر کہا کہ وہ خواتین کے وقار اور احترام کو برقرار رکھتے ہوئے ایک ایسے ماحول کو فروغ دینے کا عزم کریں جہاں وہ ترقی کرسکیں اور اپنی صلاحیتوں کو پوری طرح بروئے کار لاسکیں۔وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی رکشا بندھن کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے یہ دعا کی کہ یہ پوتر تہوار رشتوں میں نئی مٹھاس، زندگی میں خوشی، خوشحالی اور خوش نصیبی لے کر آئے۔ x

## Centre Mpox Review

وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری ڈاکٹر پی کے مشرا نے ملک میں **Mpox** بیماری کی روک تھام کی تیاریوں اور اِس سے متعلق حفظانِ صحت کے اقدامات کا جائزہ لینے کیلئے کل ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کی۔ اُنہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی ، **Mpox** صورتحال پر لگاتار قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔ میٹنگ کے دوران ڈاکٹر مشرا نے ریاستوں کو ہدایت دی کہ وہ نگرانی میں اضافہ کریں اور اِس طرح کے مریضوں کی فوری شناخت کیلئے مؤثر اقدامات کریں۔ ملک میں ابھی تک **Mpox** کے کسی مریض کی اطلاع نہیں ہے۔عالمی صحت تنظیم نے ایک بار پھر **14** اگست کو **Mpox** کو صحتِ عامہ کی ایسی ہنگامی صورتحال قرار دے دیا ہے جس پر بین الاقوامی سطح پر تشویش پائی جاتی ہے۔ x